وکٹم سپورٹ میں ہم پورے برطانیہ میں سامنے آنے والے حالیہ تشدد اور نفرت سے حیران ہیں۔ افراد اور کمیونٹیز پر فسادات اور نسل پرستانہ اور اسلامو فوبیا والے حملے واقعی چونکا دینے والے اور مکمل طور پر ناقابل قبول ہیں۔

ہمارے معاشرے کے جن افراد کو جسمانی طور پر نقصان پہنچایا گیا ہے صرف وہی لوگ اس سے متاثر نہیں ہوں گے۔ دوسروں کو بھی ممکن ہے نسل پرستی کا سامنا کرنا پڑا ہو، یا ان کی جائیداد کو تباہ کیا یا لوٹ لیا گیا ہو۔

ہو سکتا ہے کہ بہت سارے لوگوں کو براہ راست جسمانی یا زبانی بدسلوکی کا سامنا نہ ہوا ہو، لیکن اب وہ اس کے خوف میں رہتے ہیں – اپنی روزمرہ کی زندگیوں میں لوٹنے سے ڈرتے ہیں۔

کسی کو بھی نفرت انگیز جرائم کی وجہ سے خوف، اضطراب اور جذباتی و جسمانی نقصان کے ساتھ نہیں جینا چاہیے۔

ہم نفرت اور امتیازی سلوک کے خلاف کھڑے ہیں اور فخر کے ساتھ ان لوگوں کو تعاون پیش کرتے ہیں جو متاثر ہوئے ہیں۔

اگر آپ حالیہ واقعات سے متاثر ہوئے ہیں تو، آپ ہماری سپورٹ لائن کو بلا معاوضہ دن یا رات کے کسی بھی وقت 08 08 16 89 111 پر کال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی ترجیحی زبان بولنے میں سب سے زیادہ اطمینان محسوس کرتے ہیں تو ہم ترجمانی کی خدمت فراہم کر سکتے ہیں۔